EAM's Visit to Bahrain, UAE and Seychelles (November 24-29, 2020)

November 23, 2020

وزیر خارجہ کا بحرین، متحدہ عرب امارات اور سیچیلس کا دورہ (24-29 نومبر، 2020)

23 نومبر، 2020

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر 24 سے 29 نومبر 2020 کے درمیان بحرین، متحدہ عرب امارات اور سیچیلس کا دورہ کریں گے۔ اس دورے کے دوران وہ اپنے ہم منصبوں اور ان ممالک کی اعلی قیادت سے بھی ملاقات کریں گے۔

ڈاکٹر ایس جیشنکر کا بحرین کا 24- 25 نومبر کا دورہ بطور وزیر خارجہ پہلا دورہ ہوگا۔ وہ بحرین کے وزیر اعظم عزت مآب شہزادہ خلیفہ بن سلمان الخلیفہ کے 11 نومبر کو ہونے والی وفات پر وہ بحرین کی قیادت سے حکومت ہند اور ہندوستان کی عوام کی طرف سے ذاتی طور پر اظہار تعزیت کریں گے۔ وہ دوطرفہ امور کے علاوہ باہمی دلچسپی کے بین الاقوامی اور علاقائی امور پر بھی بات چیت کریں گے۔ بحرین میں 350000 سے زیادہ ہندوستانی رہتے ہیں، اور دونوں ممالک نے کووڈ 19 کے وبائی مرض کا مقابلہ کرنے کے لئے مل کر کام کیا ہے۔ ایئر ببل انتظام کے تحت دونوں ممالک کے درمیان پروازیں چل رہی ہیں۔

وزیر خارجہ 25- 26 نومبر کو متحدہ عرب امارات کا دورہ کریں گے۔ وہ 26 نومبر کو متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ عالی جناب شیخ عبد اللہ بن زاید آل نہیان سے ملاقات کرنے والے ہیں۔ دونوں رہنما ہماری جامع اسٹریٹجک شراکت داری کے تحت ہندوستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان بہترین تعاون کو آگے بڑھائیں گے، اور مختلف علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔ وزیر خارجہ کووڈ کے بعد کے منظرنامے میں ہندوستانی ورکرس کے متحدہ عرب امارات میں اپنی ملازمت دوبارہ شروع کرنے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔ متحدہ عرب امارات میں 30 لاکھ سے زیادہ ہندوستانی رہتے اور کام کرتے ہیں۔

ہندوستان اور متحدہ عرب امارات نے کووڈ 19 وبائی مرض کے دوران اعلی سطح کے قریبی رابطے برقرار رکھے ہیں۔ وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے وبائی مرض کے دوران ابوظہبی کے ولی عہد شہزادہ عالی جناب شیخ محمد بن زید آل نہیان سے بات کی ہے۔ وزیر خارجہ نے پچھلے چند مہینوں میں متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ سے متعدد بار بات کی ہے۔ انہوں نے ستمبر 2020 میں ہندوستان- متحدہ عرب امارات کے مشترکہ کمیشن کے اجلاس کی مشترکہ طور پر صدارت بھی کی۔ نومبر کے اوائل میں، ہمارے وزیر تجارت، صنعت اور ریلوے، اور ابو ظہبی انویسٹمنٹ اتھارٹی (اے

ڈی آئی اے) کی مشترکہ صدارت میں، سرمایہ کاری سے متعلق اعلی سطح کے ٹاسک فورس (ایچ ایل ٹی ایف آئی) کا اجلاس منعقد ہوا۔

اپنے دورے کے آخری مرحلے میں، وزیر خارجہ 28-27 نومبر 2020 کو سیچیلس کا دورہ کریں گے۔ وزیر خارجہ سیچیلس کے نومنتخب صدر عزت مآب واویل رامکالاوان سے ملاقات کریں گے اور انہیں وزیر اعظم جناب نریندر مودی کا مبارکباد پیش کریں گے، اور ان سے نئی حکومت کی ترجیحات پر بات کریں گے اور ان کے ساتھ ہندوستان – سیچیلس کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے راستے پر بات چیت کریں گے۔ وزیر خارجہ نئے مشیر برائے امور خارجہ اور سیاحت عالی جناب سیلویسٹری ریڈگونڈ کے ساتھ دو طرفہ مشاورت کا انعقاد کریں گے۔

نئی دہلی

23 نومبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.